طالبِ دعا: ریحان احمد و اہل خانہ
چوہدری ممتاز الحسن (مرحوم) بہاولنگر

سورۃ یٰسٓ مکیۃ وھی ثلث وثمانون اٰیۃ وخمس رکوعات

سورۂ یٰسٓ مکی ہے اور اس میں تراسی آیتیں اور پانچ رکوع ہیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

یٰسٓ ○ۚ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ ○ۙ اِنَّکَ

یٰسٓ قسم ہے قرآن کی جو حکمت سے بھرا ہوا ہے (اے محمدؐ)

لَمِنَ الۡمُرۡسَلِیۡنَ ○ۙ عَلٰی صِرَاطٍ

بے شک تم پیغمبروں میں سے ہو سیدھے

مُّسۡتَقِیۡمٍ ○ؕ تَنۡزِیۡلَ الۡعَزِیۡزِ

رستے پر (یہ خدائے) غالب اور مہربان نے نازل

الرَّحِیۡمِ ○ۙ لِتُنۡذِرَ قَوۡمًا مَّاۤ اُنۡذِرَ

کیا ہے تاکہ تم ان لوگوں کو جن کے باپ دادا کو متنبہ نہیں کیا گیا تھا

اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ○ لَقَدْ

متنبہ کر دو وہ غفلت میں پڑے ہوئے ہیں ان میں سے

حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ

اکثر پر (خدا کی) بات پوری ہو چکی ہے سو وہ

لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ

ایمان نہیں لائیں گے ہم نے اُن کی گردنوں میں

اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى

طوق ڈال رکھے ہیں اور وہ ٹھوڑیوں تک

الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ○ وَ

(پھنسے ہوئے ہیں) تو اُن کے سر اُلل رہے ہیں۔ اور

جَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا

ہم نے ان کے آگے بھی دیوار بنا دی

وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ

اور اُن کے پیچھے بھی پھر اُن پر پردہ ڈال دیا

فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝ وَسَوَآءٌ

تو یہ دیکھ نہیں سکتے۔ اور تم

عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ

ان کو نصیحت کرو یا نہ کرو

تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّمَا

ان کے لیے برابر ہے وہ ایمان نہیں لانے کے تم تو

تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ

صرف اس شخص کو نصیحت کر سکتے ہو جو نصیحت کی پیروی کرے اور

الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ

خدا سے غائبانہ ڈرے سو اس کو مغفرت

بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝ اِنَّا

اور بڑے ثواب کی بشارت سُنا دو بے شک

نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا

ہم مُردوں کو زندہ کریں گے اور جو کچھ وہ آگے

قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۭ وَكُلَّ

بھیج چکے اور (جو) ان کے نشان (پیچھے رہ گئے) ہم ان کو قلمبند

شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝ ع

کر لیتے ہیں اور ہر چیز کو ہم نے کتاب روشن (لوح محفوظ) میں لکھ رکھا ہے

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ

اور اُن سے گاؤں والوں کا قصہ

الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَاۗءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝ ج

بیان کرو جب اُن کے پاس پیغمبر آئے

وقف غفران

۸ ع ۱/۱

وقف لازم

إِذْ أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوهُمَا

(یعنی) جب ہم نے اُن کی طرف دو (پیغمبر) بھیجے تو انھوں نے ان کو

فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوا إِنَّا

جھٹلایا پھر ہم نے تیسرے سے تقویت دی تو انھوں نے کہا کہ ہم

إِلَيْكُمْ مُرْسَلُونَ ۝ قَالُوا مَا

تمھاری طرف پیغمبر ہو کر آئے ہیں وہ بولے کہ تم

أَنْتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا ۙ وَمَا

(اور کچھ) نہیں مگر ہماری طرح کے آدمی (ہو) اور

أَنْزَلَ الرَّحْمَٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ إِنْ

خدا نے کوئی چیز بھی نازل نہیں کی تم

أَنْتُمْ إِلَّا تَكْذِبُونَ ۝ قَالُوا رَبُّنَا

محض جھوٹ بولتے ہو انھوں نے کہا کہ ہمارا

يَعْلَمُ إِنَّآ إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ ○

پروردگار جانتا ہے کہ ہم تمہاری طرف (پیغام دے کر) بھیجے گئے ہیں

وَمَا عَلَيْنَآ إِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِينُ ○

اور ہمارے ذمہ تو صاف صاف پہنچا دینا ہے اور بس۔

قَالُوٓا إِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِن لَّمْ

وہ بولے کہ ہم تم کو نامبارک دیکھتے ہیں اگر تم باز نہ آؤ گے

تَنتَهُوا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُم

تو ہم تمہیں سنگسار کر دیں گے اور تم کو ہم سے

مِّنَّا عَذَابٌ أَلِيمٌ ○ قَالُوا

دُکھ دینے والا عذاب پہنچے گا انھوں نے کہا

طَآئِرُكُم مَّعَكُمْ ۚ أَئِن ذُكِّرْتُم ۚ

کہ تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے کیا اس لیئے کہ تم کو نصیحت کی گئی

بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ○

بلکہ تم ایسے لوگ ہو جو حد سے تجاوز کر گئے ہو

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ

اور شہر کے پرلے کنارے سے

رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا

ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا کہنے لگا کہ اے میری قوم

الْمُرْسَلِيْنَ ○ لا اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا

پیغمبروں کے پیچھے چلو ایسوں کے جو تم سے

يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ○

صلہ نہیں مانگتے اور وہ سیدھے راستے پر ہیں

وَمَالِىَ لَاۤ اَعْبُدُ الَّذِىْ فَطَرَنِىْ

اور مجھے کیا ہے کہ میں اس کی پرستش نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا

وَ اِلَیۡہِ تُرۡجَعُوۡنَ ۝ ءَاَتَّخِذُ

اور اسی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے   کیا میں ان کو چھوڑ

مِنۡ دُوۡنِہٖۤ اٰلِہَۃً اِنۡ یُّرِدۡنِ

کر اوروں کو معبود بناؤں؟ اگر خدا میرے حق میں

الرَّحۡمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغۡنِ عَنِّیۡ

نقصان کرنا چاہے   تو ان کی سفارش مجھے

شَفَاعَتُہُمۡ شَیۡئًا وَّ لَا یُنۡقِذُوۡنِ ۝ ج

کچھ بھی فائدہ نہ دے سکے   اور نہ وہ مجھے چھڑا ہی سکیں

اِنِّیۡۤ اِذًا لَّفِیۡ ضَلٰلٍ مُّبِیۡنٍ ۝

تب تو میں صریح گمراہی میں مبتلا ہو گیا

اِنِّیۡۤ اٰمَنۡتُ بِرَبِّکُمۡ فَاسۡمَعُوۡنِ ۝ ط

میں تمہارے پروردگار پر ایمان لایا ہوں سو میری بات سن رکھو

قِيلَ ادۡخُلِ الۡجَنَّةَ ؕ قَالَ

حکم ہوا کہ بہشت میں داخل ہو جا ۔ بولا

يٰلَيۡتَ قَوۡمِيۡ يَعۡلَمُوۡنَ ۙ۝ بِمَا

کاش میری قوم کو خبر ہو کہ

غَفَرَ لِيۡ رَبِّيۡ وَجَعَلَنِيۡ

خدا نے مجھے بخش دیا اور عزت والوں

مِنَ الۡمُكۡرَمِيۡنَ ۝ وَمَاۤ اَنۡزَلۡنَا

میں کیا اور ہم نے

عَلٰى قَوۡمِهٖ مِنۡۢ بَعۡدِهٖ مِنۡ

اس کے بعد اس کی قوم پر کوئی لشکر

جُنۡدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا

نہیں اُتارا اور نہ ہم

مُنْزِلِيْنَ ۝ اِنْ كَانَتْ اِلَّا

اُتارنے والے تھے ہی ۔ وہ تو صرف ایک

صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ

چنگھاڑ تھی (آتشیں) سو وہ (اس سے) ناگہاں

خٰمِدُوْنَ ۝ يٰحَسْرَةً عَلَى

بجھ کر رہ گئے بندوں پر افسوس ہے

الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ

کہ اُن کے پاس کوئی پیغمبر نہیں آتا

اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

مگر اس سے تمسخر کرتے ہیں

اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ

کیا انھوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اُن سے پہلے

وقف غفران

مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ

بہت سے لوگوں کو ہلاک کر دیا تھا اب وہ ان کی طرف لوٹ کر

لَا يَرْجِعُوْنَ ۝ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا

نہیں آئیں گے اور سب کے سب ہمارے

جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ۝

رو برو حاضر کیے جائیں گے۔

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ

اور ایک نشانی اُن کے لیے زمین مُردہ ہے کہ

اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا

ہم نے اس کو زندہ کیا اور اس میں سے اناج اُگایا

فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا

پھر یہ اس میں سے کھاتے ہیں اور اس میں

فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ

کھجوروں اور انگوروں کے باغ

اَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ

پیدا کیے اور اس میں چشمے جاری

الْعُيُوْنِ ۝ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ

کر دیئے تاکہ یہ ان کے پھل کھائیں

وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ؕ اَفَلَا

اور ان کے ہاتھوں نے تو ان کو نہیں بنایا تو پھر

يَشْكُرُوْنَ ۝ سُبْحٰنَ الَّذِيْ

کیا یہ شکر نہیں کرتے؟ وہ خدا پاک ہے

خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا

جس نے زمین کی نباتات کے

تُنۡۢبِتُ الۡاَرۡضُ وَمِنۡ اَنۡفُسِهِمۡ

اور خود ان کے اور جن چیزوں کی

وَمِمَّا لَا يَعۡلَمُوۡنَ ۝ وَاٰيَةٌ

ان کو خبر نہیں سب کے جوڑے بنائے۔ اور ایک نشانی

لَّهُمُ الَّيۡلُ ۚۖ نَسۡلَخُ مِنۡهُ

ان کے لیے رات ہے کہ اس میں سے ہم دن کو کھینچ

النَّهَارَ فَاِذَا هُمۡ مُّظۡلِمُوۡنَ ۝ۙ

لیتے ہیں تو اس وقت ان پر اندھیرا چھا جاتا ہے

وَالشَّمۡسُ تَجۡرِىۡ لِمُسۡتَقَرٍّ لَّهَا ؕ

اور سورج اپنے مقرر رستے پر چلتا رہتا ہے۔

ذٰلِكَ تَقۡدِيۡرُ الۡعَزِيۡزِ الۡعَلِيۡمِ ۝ؕ

یہ (خدائے) غالب اور دانا کا (مقرر کیا ہوا) اندازہ ہے

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى

اور چاند کی بھی ہم نے منزلیں مقرر کر دیں یہاں تک کہ

عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ○

(گھٹتے گھٹتے) کھجور کی پرانی شاخ کی طرح ہو جاتا ہے۔

لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ

نہ تو سورج ہی سے ہو سکتا ہے کہ

تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ

چاند کو جا پکڑے اور نہ رات ہی

سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ فِيْ

دن سے پہلے آ سکتی ہے سب اپنے اپنے

فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ○ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ

دائرے میں تیر رہے ہیں اور ایک نشانی اُن کے لیے

اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي

یہ ہے کہ ، نے ان کی اولاد کو

الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ۙ وَخَلَقْنَا

بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا اور ان کے لیے

لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ۝

ویسی ہی اور چیزیں پیدا کیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں

وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ

اور اگر ہم چاہیں تو ان کو غرق کر دیں پھر نہ تو ان کا کوئی

لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ۙ

فریادرس ہو اور نہ اُن کو رہائی ملے ۔

اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا

مگر یہ ہماری رحمت اور ایک مدت تک

اِلٰی حِیۡنٍ ۝ وَ اِذَا قِیۡلَ لَہُمُ

کے فائدے ہیں اور جب ان سے کہا جاتا ہے

اتَّقُوۡا مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡکُمۡ وَ مَا

کہ جو تمہارے آگے اور جو تمہارے پیچھے ہے

خَلۡفَکُمۡ لَعَلَّکُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ ۝

اس سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے

وَ مَا تَاۡتِیۡہِمۡ مِّنۡ اٰیَۃٍ مِّنۡ

اور ان کے پاس ان کے پروردگار کی طرف سے کوئی

اٰیٰتِ رَبِّہِمۡ اِلَّا کَانُوۡا عَنۡہَا

نشانی نہیں آتی مگر اس سے منہ

مُعۡرِضِیۡنَ ۝ وَ اِذَا قِیۡلَ لَہُمُ

پھیر لیتے ہیں اور جب ان سے کہا جاتا ہے

اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ

کہ جو رزق خدا نے تم کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرو

قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ

تو کافر مومنوں سے کہتے ہیں کہ

اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ

بھلا ہم ان لوگوں کو کھانا کھلائیں جن کو اگر

اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ قٰ اِنْ اَنْتُمْ

خدا چاہتا تو خود کھلا دیتا تم تو

اِلَّا فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○

صریح غلطی میں ہو

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ

اور کہتے ہیں اگر تم سچ کہتے ہو تو یہ وعدہ

إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ مَا

کب (پورا) ہو گا ؟ یہ تو

يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً

ایک چنگھاڑ کے منتظر ہیں جو ان کو

تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ۝

اس حال میں کہ باہم جھگڑ رہے ہوں گے آپکڑے گی

فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّ

پھر نہ تو وصیت کر سکیں گے اور

لَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ۝ ع

ع ۳ / ۱۸ / ۲

نہ اپنے گھر والوں میں واپس جا سکیں گے

وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ

اور (جس وقت) صور پھونکا جائے گا یہ قبروں سے

مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ

(نکل کر) اپنے پروردگار کی طرف

يَنْسِلُوْنَ ○ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا

دوڑ پڑیں گے کہیں گے (اے ہے) ہمیں

مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ سکتہ

ہماری خوابگاہوں سے کس نے (جگا) اُٹھایا؟

هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ

یہ وہی تو ہے جس کا خدا نے وعدہ کیا تھا اور پیغمبروں نے

الْمُرْسَلُوْنَ ○ اِنْ كَانَتْ اِلَّا

سچ کہا تھا صرف ایک زور کی

صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ

آواز کا ہونا ہوگا کہ سب کے سب

وقف لازم ۔ وقف غفران ۔ وقف منزل

جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ○

ہمارے روبرو آ حاضر ہوں گے ۔

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ

اُس روز کسی شخص پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا

شَيْئًا وَّلَا تُجْزَوْنَ إِلَّا

جائے گا اور تم کو بدلہ ویسا ہی ملے گا

مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ○ إِنَّ

جیسے تم کام کرتے تھے

أَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ

اہلِ جنّت اُس روز

فِي شُغُلٍ فٰكِهُونَ ○ج هُمْ

عیش و نشاط کے مشغلے میں ہوں گے ۔ وہ بھی

وَ اَزْوَاجُهُمْ فِیْ ظِلٰلٍ

اور ان کی بیویاں بھی سایوں میں

عَلَی الْاَرَآئِکِ مُتَّکِئُوْنَ ○

تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے

لَهُمْ فِیْهَا فَاکِهَةٌ وَّ

وہاں اُن کے لیے میوے اور

لَهُمْ مَّا یَدَّعُوْنَ ○ج سَلٰمٌ قف

جو چاہیں گے (موجود ہوگا). پروردگار

قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ○

مہربان کی طرف سے سلام کہا جائے گا

وَامْتَازُوا الْیَوْمَ اَیُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ○

اور گنہگارو! تم آج الگ ہو جاؤ.

اَلَمۡ اَعۡهَدۡ اِلَيۡكُمۡ يٰبَنِىۡۤ

اے آدم کی اولاد ہم نے تم سے کہہ نہیں

اٰدَمَ اَنۡ لَّا تَعۡبُدُوا الشَّيۡطٰنَ ۚ

دیا تھا کہ شیطان کو نہ پوجنا

اِنَّهٗ لَكُمۡ عَدُوٌّ مُّبِيۡنٌ ۙ۝

وہ تمہارا کھلا دشمن ہے ۔

وَّاَنِ اعۡبُدُوۡنِىۡ ؕ هٰذَا

اور یہ کہ میری ہی عبادت کرنا یہی

صِرَاطٌ مُّسۡتَقِيۡمٌ ۝ وَلَقَدۡ

سیدھا رستہ ہے اور اس نے

اَضَلَّ مِنۡكُمۡ جِبِلًّا كَثِيۡرًا ؕ

تم میں سے بہت سی خلقت کو گمراہ کر دیا تھا

أَفَلَمْ تَكُونُوا تَعْقِلُونَ ○

تو کیا تم سمجھتے نہیں تھے؟

هَٰذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِي كُنْتُمْ

یہی وہ جہنم ہے جس کی تمہیں

تُوعَدُونَ ○ اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ

خبر دی جاتی تھی (سو) جو تم کفر کرتے رہے ہو

بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ ○ اَلْيَوْمَ

اس کے بدلے آج اس میں داخل ہو جاؤ۔ آج

نَخْتِمُ عَلَىٰ أَفْوَاهِهِمْ

ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے

وَتُكَلِّمُنَا أَيْدِيهِمْ

اور جو کچھ یہ کرتے رہے تھے ان کے ہاتھ ہم سے بیان کر دیں گے

وَتَشۡهَدُ اَرۡجُلُهُمۡ بِمَا

اور (اُس کی) اُن کے پاؤں

كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ ○ وَلَوۡ نَشَآءُ

گواہی دیں گے اور اگر ہم چاہیں تو

لَطَمَسۡنَا عَلٰٓى اَعۡيُنِهِمۡ

ان کی آنکھوں کو مٹا (کر اندھا کر) دیں

فَاسۡتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى

پھر یہ رستے کو دوڑیں تو کہاں

يُبۡصِرُوۡنَ ○ وَلَوۡ نَشَآءُ

دیکھ سکیں گے۔ اور اگر ہم چاہیں

لَمَسَخۡنٰهُمۡ عَلٰى مَكَانَتِهِمۡ

تو ان کی جگہ پر ان کی صورتیں بدل دیں

فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا

پھر وہاں سے نہ آگے جا سکیں

وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ۝ وَمَنْ

اور نہ (پیچھے) لوٹ سکیں۔ اور جس کو ہم

نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ط

بڑی عمر دیتے ہیں اسے خلقت میں اوندھا کر دیتے ہیں

اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ۝ وَمَا

تو کیا یہ سمجھتے نہیں؟ اور ہم نے

عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ

ان (پیغمبر) کو شعر گوئی نہیں سکھائی اور نہ وہ ان کو

لَهٗ ط اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّ

شایاں ہے یہ تو محض نصیحت اور صاف صاف

قُرْاٰنٌ مُّبِیْنٌ ۙ لِّیُنْذِرَ

قرآن (پُر از حکمت) ہے۔ تاکہ اس شخص کو

مَنْ کَانَ حَیًّا وَّ یَحِقَّ

جو زندہ ہو ہدایت کا رستہ دکھائے اور کافروں پر

الْقَوْلُ عَلَی الْکٰفِرِیْنَ ○

بات پوری ہو جائے۔

اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا

کیا انھوں نے نہیں دیکھا کہ جو چیزیں

لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَیْدِیْنَآ

ہم نے اپنے ہاتھوں سے بنائیں ان میں سے ہم نے

اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ○

ان کے لیے چارپائے پیدا کر دیئے اور یہ ان کے مالک ہیں

وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا

اور ان کو ان کے قابو میں کر دیا تو کوئی تو ان میں سے

رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ○

ان کی سواری ہے اور کسی کو یہ کھاتے ہیں۔

وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَ

اور ان میں ان کے لیے (اور) فائدے اور

مَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ○

پینے کی چیزیں ہیں تو کیا یہ شکر نہیں کرتے۔

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اور انھوں نے خدا کے سوا (اور) معبود

اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ○ؕ

بنا لیے ہیں کہ شاید (ان سے) ان کو مدد پہنچے۔

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَ

(مگر) وہ ان کی مدد کی (ہرگز) طاقت نہیں رکھتے اور

هُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ۝

وہ ان کی فوج ہو کر حاضر کیے جائیں گے۔

فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا

وقف لازم

تو ان کی باتیں تمھیں غمناک نہ کر دیں۔ یہ جو کچھ

نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا

چھپاتے اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں ہمیں

يُعْلِنُوْنَ ۝ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ

(سب) معلوم ہے کیا انسان نے نہیں دیکھا

اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ

کہ ہم نے اس کو نطفے سے پیدا کیا

فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝

پھر وہ تڑاک پڑاک جھگڑنے لگا۔

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ

اور ہمارے بارے میں مثالیں بیان کرنے لگا اور

خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ

اپنی پیدائش کو بھول گیا کہنے لگا کہ (جب) ہڈیاں

الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ۝

بوسیدہ ہو جائیں گی تو ان کو کون زندہ کرے گا؟

قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ

کہہ دو کہ ان کو وہ زندہ کرے گا جس نے ان کو پہلی بار

اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ وَهُوَ بِكُلِّ

پیدا کیا تھا اور وہ سب قسم کا

خَلْقٍ عَلِيْمٌ ۙ الَّذِيْ جَعَلَ

پیدا کرنا جانتا ہے (وہی) جس نے

لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ

تمھارے لیے سبز درخت سے آگ

نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ

پیدا کی پھر تم اس (کی ٹہنیوں کو رگڑ کر ان) سے آگ

تُوْقِدُوْنَ ۝ اَوَلَيْسَ الَّذِيْ

نکالتے ہو۔ بھلا جس نے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا۔

بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ

کیا وہ اس بات پر قادر نہیں کہ (ان کو پھر) ویسے ہی

مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰی ۚ وَهُوَ الْخَلّٰقُ

پیدا کر دے کیوں نہیں اور وہ تو بڑا پیدا کرنے والا

الْعَلِیْمُ ○ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ

اور علم والا ہے۔ اس کی شان یہ ہے کہ جب وہ کسی

اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ

چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اس سے فرما دیتا ہے

كُنْ فَیَكُوْنُ ○ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ

کہ ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے۔ وہ (ذات) پاک ہے جس کے

بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ

ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہت ہے

وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ○ ع

اور اسی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے۔